علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ متن حدیث صحیح مسلم (3955) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (درس نظامی)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیےاور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1- صحیح مسلم کی روایات کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے حج کی تفصیلات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2- یونٹ نمبر ایک کے مضامین کی روشنی میں احرام کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- حج کی اقسام کے بارے میں یونٹ نمبر دو میں مذکور روایات تحریر کر کے ان کا مفہوم بیان کریں۔(20)

سوال نمبر4- یونٹ نمبر تین میں مذکور رمی جمرات کے احکام پر مشتمل روایات تحریر کر کے ان سے ماخوذ احکام پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5- مدینہ طیبہ اور اہل مدینہ کے فضائل پر صحیح مسلم کی روایات کی روشنی میں مضمون تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ یونٹ نمبر پانچ میں مذکور دعائیں تحریر کر کے ان کا سلیس اردو ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ یونٹ نمبر چھ کے مضامین کا جامع خلاصہ سپرد قلم کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ قیامت کی نشانیوں اور فتنوں پر یونٹ نمبر سات کی روایات کی روشنی میں تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ یونٹ نمبر آٹھ کے ابتدائی پانچ ابواب میں مذکور احادیث کا ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ہجرتِ مدینہ کے واقعات احادیث کی روشنی میں مفصل تحریر کریں۔ (20)